www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پہلی بات

قرآن و حدیث سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ آنحضرت ﷺ کی چار صاجزادیاں تھیں۔ ان کے علیحدہ علیحدہ فضائل سے احادیث کی کتب بھری ہوئی ہیں۔ آپ کی چاروں صاجزادیاں حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے بطن سے تھیں۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کو آنحضرت ﷺ کی پہلی زوجہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ صاجزادیوں کے علاوہ آنحضرت ﷺ کے صاجزادے حضرت قاسم اور طاہر طیب (عبداللہ) بھی آپ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ (از صحیح الروایۃ صفحہ ۲۲۰ ج ۹)

آنحضرت ﷺ کی تمام اولاد حضرت ابراہیم کے علاوہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی بطن سے تھی۔

آنحضرت ﷺ کی چار صاجزادیوں کے متعلق ذخائر احادیث میں اس قدر تصریحات موجود ہیں جنہیں تواتر کا درجہ حاصل ہے۔ اس کے بارے میں شیعہ کی بعض کتب بھی چار صاجزادیوں کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئی ہیں۔ اس سلسلے میں شیعہ مذہب کی بنیادی کتاب اصول کافی کی درج ذیل روایت ملاحظہ ہو۔

"و تزویج الخدیجۃ و ھو ابن بضع و عشرین سنۃ فولد له منها قبل مبعثہ القاسم و رقیہ و زینب و ام کلثوم و ولدلہ بعد المبعث الطیب و الطاھر و فاطمہ علیہ السلام

اصول کافی صفحہ ۲۷۹ کتاب الحجۃ' باب مولائے النبی
از محمد بن یعقوب کلینی)

آنحضرت ﷺ نے خدیجہ کے ساتھ نکاح کیا اس وقت آپؑ کی عمر بیس سال

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے زیادہ تھی۔ پھر خدیجہ سے جناب کی جو اولاد بعثت سے پہلے پیدا ہوئی وہ قاسم، زینب رقیہ اور ام کلثوم تھی۔ اور بعثت کے بعد حضرت خدیجہ سے آپ کی اولاد طیب طاہر اور فاطمہ پیدا ہوئی۔

اصول کافی کی اس معتبر روایت کے بعد شیعہ کی طرف سے ایک سے زائد بیٹیوں کا انکار ہٹ دھرمی اور ضد پر مبنی ہے اصول کافی کے شارحین میں مراۃ العقول (از ملا باقر مجلسی) اور الصافی (از ملا خلیل قزوینی) نے اس روایت کو صحیح تسلیم کیا ہے۔ اسی طرح شیعہ کے اصول رابعہ کے ایک اور مصنف شیخ صدوق ابن بابویہ القمی نے بھی اپنی تصنیف کتاب الخصال میں امام جعفر صادق کے حوالہ سے آنحضرت ﷺ کی چار صاحبزادیوں کو تسلیم کیا ہے۔

(از کتاب بنات اربعہ صفحہ ۶۳ مولانا محمد نافع صاحب)

آنحضرت ﷺ کی چار صاحبزادیوں کی تصریح کے بعد یہ بات کہنا کہ اگر آپ کی ایک سے زیادہ صاحبزادیاں بھی تھیں۔ تو دوسری صاحبزادیوں کے فضائل و مناقب کا اس انداز سے ذکر کیوں نہ کیا گیا۔ جیسا حضرت فاطمہ ؓ کا ہے یا مباہلہ کے موقع پر آپ نے باقی صاحبزادیوں کو اس میں کیوں شامل نہ کیا۔ یہ بلاجواز ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت فاطمہ ؓ آپ کی سب سے چھوٹی اولاد ہیں۔

وفات رسول سے دو سال قبل یعنی ۸ ہجری تک آپ ؐ کی پہلی تینوں صاحبزادیاں فوت ہو چکی تھیں۔ مباہلہ کے موقع پر حضرت فاطمہ ؓ کے علاوہ آپ کی اولاد میں کوئی زندہ نہ تھا، ظاہر ہے کہ فراوانی اور خوشحالی کے وقت اولاد میں جو بھی موجود ہو اس کے ساتھ محبت کا اضافہ ہونا فطری امر ہے۔ جبکہ پہلی تین صاحبزادیوں کے فضائل و مناقب بھی احادیث میں بکثرت موجود ہیں۔

## ابتدائی حالات

**پیدائش:** بعثت نبوت کے وقت جب آنحضرت ﷺ کی عمر ۴۱ سال تھی۔ حضرت فاطمہ ؓ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

